Mr. Speaker: Honourable Minister for Excise and Taxation, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Finance (Amendment) Bill, 2013.

Minister for Excise and Taxation: Thank you, janab Speaker. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance (Amendment) Bill, 2013 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance (Amendment) Bill, 2013 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 2 stand part of the Bill. Long title and preamble also stand part of the Bill.

خیبر پختونخوا فنانس (ترمیمی) مسودہ قانون، مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Honourable Minister for Excise and Taxation, to please move for passage of the Bill.

Minister for Excise and Taxation: Thank you, janab Speaker. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance (Amendment) Bill, 2013 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Finance (Amendment) Bill, 2013 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(تالیاں)

نکتہ اعتراض

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ Rule 22 کی طرف دلانا چاہتا ہوں، اس کی جو 2nd Proviso ہے، اس کی طرف۔

"Provided further that if any Thursday is appropriated for Government business under the forgoing proviso-----

جناب سپیکر: ایک منٹ، ایک منٹ جی، ایک منٹ۔ کیا؟

جناب عبدالاکبر خان: 22 کا 2nd proviso۔

Mr. Speaker: Provided further, ji.

Mr. Abdul Akbar Khan: "if any Thursday is appropriated for Government business under the forgoing proviso or is a holiday, Private Members business shall have precedence on the next working day"

جناب سپیکر! چونکہ گزشتہ جمعرات کو آپ نے چھٹی کی تھی تو وہ Holiday تھی، اسلئے اس Rule کے مطابق آج کا دن یا جمعہ کے دن کو پرائیویٹ ممبرز، ہماری درخواست ہے کہ ہفتے میں ہمارا ایک

دن ہوتا ہے پرائیویٹ ممبرز کا، تو اب اگر آپ مہربانی کر لیں تو کل کیلئے یا پرسوں کیلئے ہمیں یہ پرائیویٹ ممبرز ڈے دیدیں تاکہ ہماری جو اپنی بزنس ہے، لیجسلیشن، اس کو نکال سکیں تو آپ کی مہربانی ہو گی کیونکہ ویسے بھی یہ آخری دن ہیں تو پرائیویٹ ممبرز ڈے کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ایسا کر لیتے ہیں کہ کل ہم آپ کو پرائیویٹ ممبرز ڈے دیدیتے ہیں لیکن ایجنڈا بھی کل تقسیم کریں گے، ابھی ہم تیار نہیں ہیں۔

Ji, honourable Minister for Labour, to please move for consideration of the Khyber Paktunkhwa, Workers Compensation Bill, 2013

(Interruption)

جناب سپیکر: ایک سیکنڈ جی۔ آنریبل لاء منسٹر صاحب، کچھ Pendency اگر ہو ڈیپارٹمنٹ کے پاس تو وہ اگر Kindly ہمیں جلدی پہنچائی جائے تاکہ ہم، پھر وہ طعنے ہمیں نہ سننا پڑیں۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): بالکل جی، As soon as possible ان شاءاللہ۔

جناب سپیکر: یہ Kindly بس-----

وزیر قانون: یہ میرے ایک دو بلز ہیں، اگر وہ کہتے ہیں وہ بھی-----

جناب سپیکر: نہیں نہیں، لے آئیں، آپ کے پاس جتنے بھی پینڈنگ ہیں، رات تک بیٹھیں گے۔

وزیر قانون: یہ سیریل 8 اور 9 والے پیش کر سکتا ہوں اس وقت، باقی بعد میں-----

جناب سپیکر: جتنے بھی ہوں جی، بالکل لے آئیں۔

مسودہ قانون، مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

(ورکروں کو معاوضہ)

Mr. Speaker: Ji, honourable Minister for Labour, please.

وزیر محنت: سپیکر صاحب، بہت مہربانی۔

I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Workers Compensation Bill, 2013, for consideration, please.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Workers Compensation Bill, 2013 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. ‘Consideration Stage’: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses

1 to 44 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 44 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 44 stand part of the Bill. Long title, preamble and schedules also stand parts of the Bill.

مسودہ قانون، مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا
(ورکروں کو معاوضہ)

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Honourable Minister for Labour, to please move for passage of the Bill.

Minister for Labour: Thank you, Sir. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Workers Compensation Bill, 2013 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Paktunkhwa, Workers Compensation Bill, 2013, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(تالیاں)

جناب آصف بھٹی: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی کیوں، غلط کام کیا ہے؟ تھوڑا سا صبر کریں، یہ دو تین بلز ہو جائیں، پھر آپ کی مرضی ہے جو بولنا ہے بول دیں۔ اصل میں 'کو ئسچنز آور'، لیجسلیشن ایسی چیز ہے کہ اس میں تھوڑی سی گورنمنٹ کی بزنس Suffer ہوتی ہے تو اس وجہ سے تھوڑا سا گزارا کیا کریں۔

مسودہ قانون بابت بہبود زچگی، مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Labour, to please move for consideration of the Khyber Pakhtunkhwa, Maternity Benefits Bill, 2013.

Minister for Labour: Thank you, Sir. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Maternity Benefits Bill, 2013, for consideration.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Maternity Benefits Bill, 2013, may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 19 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 19 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 19 stand part of the Bill. Long title and preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون بابت بہبود زچگی، مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Honourable Minister for Labour, to please move for passage of the Bill.

Minister for Labour: Thank you, Sir. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Maternity Benefits Bill, 2013, may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Maternity Benefits Bill, 2013, which may be passed?

جناب عبدالاکبر خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، آپ جب موشن ہاؤس کو Put کرتے ہیں لیکن انہوں نے کہا کہ Which be passed تو آپ نے تو Which کا لفظ استعمال نہیں کیا؟

(قہقہے)

جناب سپیکر: (قہقہہ) انہوں نے فالتو (قہقہہ)

The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Maternity Benefits Bill, 2013, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

جناب عبدالاکبر خان: ہمیں بتایا جائے کہ ڈاکٹر صاحبہ نے جو اتنی زور سے ٹیبل کو مطلب وہ کیا ہے، اب یہ بتائیں کہ کیا خاص بات ہے اس بل میں؟ کہ وہ مطلب ہے، وہ اسی بل پر۔۔۔۔

جناب سپیکر: بی بی! آپ بڑی خوش ہو رہی ہیں، واقعی کیا کچھ ہے اس میں، میٹر نٹی بل میں؟

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: سر، یہ بل میں نے بہت پہلے جمع کیا تھا لیکن خیر ہے دیر آید درست آید، میرا بل تو انہوں نے Reject کیا کہ یہ این جی اوز نے بنایا ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، ان کی مائیک بند ہے۔

جناب سپیکر: ان کی آواز اتنی کھڑک والی تھی کہ سب کو سنائی دی۔

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی لیاقت شباب صاحب! څه ترسکونه خبره که کوئ نو بیا اووایه جی۔

وزیر آبکاری و محاصل: جناب سپیکر صاحب، ستاسو مشکور یم۔ سپیکر صاحب، کله چې تاسو بل پیش کړئ نو تاسو مونږ ته وګورئ نو مونږ ستاسو په وجه باندې 'Yes' اووایو ګنی څوک هم نه وائی۔

جناب سپیکر: اصل کښې دې لیجسلیشن کښې د ګورنمنټ سائډ او اپوزیشن سائډ ته زما کتل یو عادت جوړ شوے دے ، اس وجہ سے میں تھوڑا سا اور پھر آپ کو پتہ ہے ابھی تھوڑی دیر پہلے کیا بازگشت ہوئی، تو سوئے ہوئے، اسمبلی سوئی ہوئی نہیں ہے، سب جاگ رہے ہیں۔

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا کارخانہ جات، مجریہ 2013 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Labour, to please move for consideration of the Khyber Pukhtunkhwa, Factories Bill, 2013.

Minister For Labour: Thank you, Sir. I beg to move the Khyber Pakhtunkhwa, Factories Bill, 2013, for consideration.

جناب سپیکر: یہ آپ کے ڈیپارٹمنٹ نے پہلی مرتبہ بہت اچھی پرفارمنس کی ہے ان چند دنوں میں، کافی مہینوں سے اس پر غور و حوض کیا لیکن اچھا بل لے آئے۔

Dr. Faiza Bibi Rasheed: Sir, credit goes to me.

جناب سپیکر: اچھا (قہقہہ) To both، آپ کو بھی اور ان کو بھی، اچھی بات ہے پورے صوبے کیلئے، قوم کیلئے کر رہے ہیں نا۔ The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories Bill, 2013, may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 101 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 101 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 101 stand part of the Bill. Long title and preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا کارخانہ جات، مجریہ 2013 کا پاس کیا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: 'Passage Stage': Honourable Minister for Labour, to pleas move for passage of the Bill.

<u>Minister for Labour</u>: Thank you, Sir. I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories Bill, 2013, which may kindly be passed.

<u>Mr. Speaker:</u> The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories Bill, 2013, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر! یہ تو موشن نہیں تھی، موشن تو کوئی اور تھی۔

<u>جناب سپیکر</u>: (قہقہہ) اچھا، 8 اور 9 پینڈنگ تھے، وہ ابھی لا رہے ہیں جی۔ یہ ہمیں ایسے ہی طعنے مل رہے ہیں، ہم الرٹ تھے، اگلنے والی مشین نہیں ہے اسمبلی۔ (قہقہہ)

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا آرمز، مجریہ 2013 کا متعارف کرایا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: The honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Arms Bill, 2013.

<u>Barrister Arshad Abdullah (Minister for Law)</u>: Thank you, Mr. Speaker. I wish to present the Khyber Pakhtunkhwa, Arms Bill, 2013, before this august House.

<u>Mr. Speaker</u>: It stands introduced.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا دھماکہ خیز مواد، مجریہ 2013 کا متعارف کرایا جانا

<u>Mr. Speaker</u>: Honourable Minister for Law, on behalf of honourable Chief Minister Khyber Pakhtunkhwa, to please

introduce before the House, the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013.

Minister for Law: Thank you, Mr. Speaker. I wish to present before this august House, the Khyber Pakhtunkhwa, Explosives Substances Bill, 2013. Thank you.

Mr. Speaker: It stands introduced.

عبدالاکبر خان! یہ Explosives والا بل وہی ہے جو پنجاب کے پاس اختیارات تھے؟

جناب عبدالاکبر خان: سر، شاید وہی ہو، مجھے توپتہ نہیں ہے، میں نے نہیں دیکھا ہے سر۔

جناب سپیکر: جو ہم بار بار فون کرتے تھے Explosive Inspector کو اور یہ وہی ہے؟ وہ ابھی صوبے کو آ گئے ہیں، یہ بہت بڑی Achievement ہے، اگر وہی ہے تو بہت اچھی ہے۔ ابھی Introduce ہو رہا ہے نا، یہ ابھی Introduce ہو رہا ہے، آپ دیکھ لیں ذرا۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ہں جی؟

(شور)

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر، یہ اگر آصف بھٹی کو موقع دیں تو اچھا ہو گا۔

جناب سپیکر: هاں نا ، بهټی صاحب له به خو ، مختیار خان، مختیار علی خان صاحب، آنریبل مختیار علی خان صاحب، وہ سٹینڈنگ کمیٹی کی جو رپورٹ ہے، یہ میرے معزز دو اراکین جو آپ کے پیچھے بیٹھے ہیں، وہ بہت زیادہ افسوس کا اظہار کر رہے ہیں۔ آنریبل بابک صاحب نے ایکشن نہیں لیا تو وہ آپ تھوڑا سا ہاؤس میں Lay کریں تاکہ اس پر وہ ایکشن لے سکیں، Lay بھی کریں اور Adopt بھی کریں۔

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: ښه جی۔

مجلس قائمہ برائے ابتدائی وثانوی تعلیم کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

جناب سپیکر: جی، آنریبل مختیار علی خان صاحب۔

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، میں گزارش کرتا ہوں کہ مجھے مجلس قائمہ نمبر 26 برائے ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پر رپورٹ پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

جناب سپیکر: میں august House سے پوچھتا ہوں کہ آنریبل ممبر / چیئرمین صاحب کو آپ اجازت دیتے ہیں؟

آوازیں: ہاں۔

Mr. Speaker: Ji, honourable Chairman, Standing Committee for Education is allowed to present the proceedings.

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب، میں گزارش کرتا ہوں کہ مجلس قائمہ کمیٹی نمبر 26 برائے ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی رپورٹ کو پاس کیا جائے۔

جناب عبدالاکبر خان: پاس کس طرح، پہلے پیش کریں تو پھر پاس کی جائے گی؟

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: پیش خو شو کنه، پیش کی جائے جی۔ جی ہاں۔

جناب سپیکر: مختیار علی خان صاحب! آپ صرف ابھی پیش کرنے کی وہ کریں کہ میں پیش کرتا ہوں۔

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: میں مجلس قائمہ کمیٹی نمبر 26 برائے ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی رپورٹ کو پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The report stands presented.

مجلس قائمہ برائے ابتدائی وثانوی تعلیم کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Now adoption: Now please move for its adoption.

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: مجلس قائمہ کمیٹی نمبر 26 برائے ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی رپورٹ کو پاس کیا جائے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the report, presented, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The report is adopted.

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: ما وئیل جی چې یو سړے وو، لاړو نائی له کنه جی۔

جناب سپیکر: او جی۔

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: نو ویښته ئے ورله واړه کړل جی، چې ویښته ئے واړه کړل نو هغه ورله سل روپئ ورکړې، کیدے به یا پنځوس روپئ یا شپیته روپئ خو د هغه نائی سره ماتې پیسې نه وې نو ده ورته اووئیل څه چې ماتې پیسې درسره نشته نو د دغه پیسو ئے نور هم واړه کړئ۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: (قہقہہ)

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر، جناب سپیکر صاحب، د چیئرمین صاحب نه یو تپوس کوم، چیئرمین د واضحه کړی سر، چیئرمین صاحب د مونږ ته دا اووائی سر چې دا سړے د کوم ځائے دے؟ (قہقہے) دا به ښائی سر، دا سړے د کوم ځائے وو؟ (قہقہہ)

(قہقہے)

جناب مختیار علی ایڈوکیٹ: د صوابئ۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: دا به انور خان ورته اووائی، اوس د انور خان، انور خان! آپ کی وجہ سے میرے چیئرمین صاحب پھنس گئے، آپ نے تو نہ شکریہ ادا کیا نہ وہ کیا۔

جناب محمد انور خان ایڈوکیٹ: میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب، زه د چیئرمین صاحب انتهائی شکریه ادا کوم جی، هغه هغه کس راا وغښتو په کمیټئ کښې او په هغې کښې منسټر صاحب هم ناست وو او په هغې کښې ټول ډیپارټمنټ ناست وو او ثاقب خان چې کومه خبره وکړه جی نو د هغه د پاره زما دا دغه دے چې هغه د ډی آئی خان دے او رشید بلوچ ئے نوم دے او چیئرمین صاحب ته بالکل ښه ټهیک ټهاک معلوم دے ځکه ئے خو ایکشن اخستے دے نو زه د چیئرمین صاحب هم شکریه ادا کوم جی، سپیکر صاحب! ستاسو هم شکریه ادا کوم او د ټول هاؤس شکریه ادا کوم جی، په دې خبره چې یو کرپټ کس جی مونږ په هغه ورځ هم دا خبره کړې وه چې د یو حکومت ښه کارکردګی د یو کرپټ کس په دغه باندې Damage کیږی نو د هغه کس خلاف کارروائی پکار ده۔ انتهائی مشکور یم۔

جناب سپیکر: ابھی آنریبل بابک صاحب ہیں؟ آنریبل بابک صاحب، سردار حسین بابک صاحب، ابھی سردار حسین بابک صاحب! اس پر فوری ایکشن لیا جائے یا جو بھی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے معزز افسران صاحبان بیٹھے ہیں، یہ جو رپورٹ Adopt ہوئی ہے، اس پر آپ فوری ایکشن لے لیں۔ معزز اراکین اسمبلی! چونکہ یہ اجلاس موجودہ اسمبلی کا۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، دے آصف بهټی له موقع ورکړئ جی۔

جناب سپیکر: وایم ورته، هغه له ټائم ورکوم خو ودرېږه دا لږه ضروري خبره ده،
چونکہ یہ اجلاس موجودہ اسمبلی کا آخری اجلاس ہے، لہذا یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ بروز جمعہ مورخہ 15 مارچ 2013 کو فوٹو سیشن منعقد کیا جائے گا، بہت سے معزز اراکین نئے آئے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، لږ د فراخدلئ نه کار واخلئ، که د روټئ پروګرام هم ورسره وکړو نو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: درته وایم کنه جی۔

(تالیاں)

وزیر اطلاعات: او که خفه کیږئ نه سپیکر صاحب، نو خلق د خوشحالئ په ورځ باندې څه نه څه خو کوی نو نور هم ورسره څه وکړئ۔

(تالیاں)

جناب لیاقت علی شباب (وزیر آبکاری و محاصل): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی لیاقت شباب صاحب۔

وزیر آبکاری و محاصل: زه د میاں صاحب خبره Endorse کوم جی، دا کلچر چې د چا سره دے نو دوئ به لږ د هغوی سره Coordinate کړی، عاقل شاه صاحب سره نو ثقافتی پروګرام به هم وشی جی۔

آوازیں: د میاں صاحب سره دے، د میاں صاحب سره دے۔

(تالیاں / قہقہے)

وزیر آبکاری و محاصل: میاں صاحب، هغه کلچر د میاں صاحب سره دے جی I am sorry، دے به Arrange کړی هر څه جی۔

جناب سپیکر: هغه د ده سره دے۔ میاں صاحب! اوس خو ټوله خبره ستا غاړه کېښې پریوته۔

وزیر اطلاعات: سپیکر صاحب! که تاسو ایمان تیروئ نو رښتیا دا ثقافت خو هم ما سره دے خو ایمان خو به تاسو تیروئ کنه۔

جناب سپیکر: نه نشتر هال کښې به کوؤ۔

وزیر اطلاعات: زه خو تیار یم او دا لیاقت شباب جی هم دا سې مطلب دا دے اخری شپې ورځې دی، که ده هم لږ ځان وګرولو نو څه بدیت ئے نشته۔ (قہقہہ) نو مطلب دا دے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دے خو ما اوریدلی دی۔۔۔۔۔

وزیر آبکاری و محاصل: سپیکر صاحب! زه پوره ملګرتیا کوم د میاں صاحب، پوره پوره جی ان شاء اللہ۔

وزیر اطلاعات: مهربانی جی۔

جناب سپیکر: ما اوریدلی دی چې ډیر ښائسته فنکار دے۔ (قہقہہ)

وزیر اطلاعات: زه جی دې ته تیار یم، دا کوم Offer چې د دوئ ته اووئیل د ثقافت په حواله بالکل که نشتر هال ته ټول راځئ هم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نشتر هال، نشتر هال۔

وزیر اطلاعات: او بالکل، تاسو اووایئ نو تاسو له به لوبه موبه ګرمه کړو۔

جناب سپیکر: نه دلته به زه تش، که ستاسو خوښه وی خوراک څښاک به دربانديې دلته وکړو، قیام وطعام آپ کا ادھر ہو جائے گا لیکن باقی جو دل خوش کرنے والی باتیں ہیں، وہ نشتر ہال میں کرلیں۔ (تالیاں) فوٹو سیشن کیلئے تمام اراکین جتنے بھی ہیں، جو نہیں آئے ہیں، ان سب کو بھی ذرا اطلاع دیدیں کہ یہ ایک یادگار فوٹو ہوگا جس میں تمام، لیڈر آف دی اپوزیشن، لیڈر آف دی ہاؤس، سب کو ذرا Invitation extend کرلیں اور جمعہ کو تمام اراکین سے گزارش ہے کہ وہ جمعہ کو 03:30 p.m. اسمبلی اجلاس سے پہلے فوٹو سیشن میں ضرور شرکت فرمائیں۔ جی میرے بھائی۔۔۔۔۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: آصف بھٹی صاحب پہلے، اس کے بعد آپ جو، جی جی۔

رسمی کارروائی

(لاہور میں مسیحی برادری پر مبینہ تشدد)

<u>جناب آصف بھٹی</u>: شکریہ سر۔ شروع خداوند کے بابرکت و جلالی نام سے کرتاہوں۔ سر، جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ کچھ دن پہلے بادامی باغ لاہور میں مسیحیوں کے گھروں کو جلا دیا گیا، اسی حوالے سے میں بات کرنا چاہونگا۔ حضور ﷺ نے رواداری، محبت اور پیار کا درس دیا ہے اور اسلام میں تمام اقلیتوں کیساتھ اچھااور برابری کی بنیاد پر سلوک کرنے کی تاکید کی ہے لیکن کچھ شر پسند اور ملک دشمن عناصر اسلام کے ان زرین اصولوں کو بالائے طاق رکھ کر مذہب اسلام کو بدنام کر رہے ہیں اور بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔۔۔۔۔

<u>آوازیں</u>: انگلش کبنې او وايه کنه۔

<u>جناب آصف بھٹی</u>: (اسمبلی رکن سے) انگلش کبنې وايم، بيا پوهيږې نه کنه ته۔

(قہقہے)

<u>جناب سپیکر</u>: نہیں ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، آپ بولیں، بولیں، صحیح ہے، صحیح ہے، صحیح ہے۔ نہیں، بہت اہم، Importantاور اچھا بول رہے ہیں۔ جی سب متوجہ ہوں، سب متوجہ ہوں۔

<u>جناب آصف بھٹی</u>: اس سے پہلے بھی جب بھی (ن) لیگ کی حکومت پنجاب میں آئی ہے، مسیحیوں پہ ہمیشہ اس قسم کے ظلم ہوتے رہے ہیں۔ اس سے پہلے گوجرہ کا واقعہ جہاں پہ سینکڑوں گھروں کو جلا دیا گیا، اس سے پہلے شانتی نگر کا واقعہ جس میں مسیحیوں کے گرجا گھر اور گھروں کو جلا دیا گیا۔ اس سے پہلے سانگلہ ہل کا واقعہ جس میں مسیحیوں کے گھروں اور گرجاؤں کو جلا دیا گیا، یہ سب نواز حکومت کی مہربانی میں ہوا ہے۔ اب جبکہ اس واقعے کے بعد وزیراعلیٰ پنجاب صاحب نے حکم بھی دیا اور مجرم بھی گرفتار کئے جا چکے ہیں لیکن میں ان سے پوچھتا ہوں کہ جو پہلے واقعات ہوئے ہیں، ان مجرموں کو کیا سزا ہوئی ہے؟ نہیں، بلکہ جو سب اس میں Involve تھے افسران، ان کو ترقی دیکر اچھی جگہ پر پوسٹ کر دیا گیا۔ کیا واقعی یہ 295 مجریہ تھا، جو زبردستی بنا دیا گیا؟ ابھی تک ملک میں ہونے والے تمام واقعات کے مجرم کو سزا نہیں دی گئی اور کیا اب یہ سزا دی جاسکے گی؟ (c) 295 کے مجرم کو سزا دی جاتی ہے، (c) 295 کا جھوٹا الزام لگانے والے کو کیا سزا دی جاسکتی ہے؟ سر، قرآن پاک کی بے حرمتی کی سزا دی جاتی ہے اور اب جبکہ دو سو سے زائد بائبل اور انجیل کو جلا یا دیا گیا ہے، کیا ان کو سزا ملے گی؟ میرے خیال میں پنجاب حکومت یہ بھول چکی ہے کہ پاکستان

بنتے وقت مسیحیوں کا ایک واحد ووٹ تھا کہ مسیحی ممبر نے ووٹ ڈالا اور پاکستان وجود میں آیا، وہ اس چیز کو بھول چکے ہیں اور اسی لئے ہمیشہ وہ مسیحیوں پر ظلم کرتے ہیں۔ میرے خیال میں کیا، بلکہ تمام پاکستان اور دنیا یہ کہہ رہی ہے کہ پنجاب حکومت ناکام ہو چکی ہے۔ مسیحیوں کے گھر جو جلائے گئے، پنجاب حکومت کی سرپرستی میں یہ سب کچھ ہوا ہے، پولیس وہاں کھڑی تھی اور ان کی موجودگی میں گھروں کو جلا دیا گیا، غریب لوگوں کے گھروں میں جو سامان پڑا تھا، کیا ان کو یہ احساس ہے کہ ایک غریب عورت جو لوگوں کے گھروں میں کام کر کر کے، تنکا جمع کر کر کے اپنی بیٹیوں کیلئے جہیز جمع کرتی ہے تا کہ اس کی بچی کی شادی ہو سکے، اس کی بچی کے ہاتھ پیلے ہو سکیں لیکن اس کے تنکے تنکے کو دو منٹ میں جلا دیا گیا، یہ ازالہ تو کیا گیا، کوشش کی جا رہی ہے لیکن یہ ازالہ کچھ بھی نہیں ہے۔ پنجاب حکومت کے اس رویے اور ظلم اور تشدد کا جو ثبوت انہوں نے دیا ہے کہ ہمیشہ اپنے دور حکومت میں مسیحیوں کو اپنے جبر اور ظلم سے ان کو تکلیف دی ہے، خوشی نہیں دی۔ سر، دل تو رو رہا ہے کہ کیا قائداعظم کا پاکستان یہی تھا جو آج مسیحیوں کو اس دکھ اور درد سے گزرنا پڑ رہا ہے؟ قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا تھا کہ اس پاکستان میں نہ کوئی مسیحی ہے، نہ کوئی مسلم ہے، نہ کوئی ہندو ہے، سب پاکستانی ہیں لیکن آج ہم سب اپنے فرقوں اور مذہبوں میں بٹ چکے ہیں۔ ابھی میں پنجاب حکومت کے اس ظلم اور تشدد جو مسیحیوں پر کیا گیا ہے اور مسیحیوں کیساتھ ہمدردی اور یکجہتی کرتے ہوئے میں اس ایوان سے واک آؤٹ کرتا ہوں اور پنجاب حکومت یقیناً ناکام ہو چکی ہے، اس کو استعفیٰ دے دینا چاہیئے۔ تھینک یو۔

(اس مرحلہ پر جناب آصف بھٹی، اقلیتی رکن اسمبلی ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

<u>جناب سپیکر:</u> جی، آنریبل میاں افتخار حسین صاحب۔

<u>جناب میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات):</u> جناب سپیکر صاحب! یقیناً یہ ایک بہت بڑا واقعہ تھا اور جس طریقے سے آصف بھٹی صاحب نے اپنے جذبات کا اظہار کیا، ہمارے پاکستان میں ہم بڑے بدقسمت ہیں، اس حوالے سے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> آنریبل تنولی صاحب! آپ اور عبدالاکبر خان! ذرا ان کو لے آئیں، ہمارے معزز رکن ہیں۔ عبدالاکبر خان! آپ اور حبیب الرحمان تنولی صاحب ممبر صاحب کو ذرا لے آئیں، واک آؤٹ کر گئے، حکومت کی طرف سے پوری وضاحت ہو رہی ہے۔ اپنی پوزیشن۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: بالکل جناب سپیکر صاحب، ہمارے اور آصف بھٹی صاحب کے جذبات اور احساسات ایک ہیں اس حوالے سے کہ پاکستان معرض وجود میں آیا تو ایک بہت واضح انداز میں یہاں پر انسانیت کے حوالے سے، سب کے برابر کے حقوق کی بنیاد پہ یہاں پہ ہمارے آئینی حقوق ایک ہیں۔ بد قسمتی سے بہت سارے، ہمارے ملک میں ایک ایسا کھیل کھیلا جا رہا ہے کہ بریلوی کو دیوبندی سے لڑایا جائے اور شیعہ کو سنی سے لڑایا جائے، اقلیت کو اکثریت سے لڑایا جائے اور ایک ایسے انداز میں ملک کو Destabilize کیا جا رہا ہے اور سارے ملک میں ہمارے چہرے کو مسخ کرنے کی ایک ایسی کوشش کی جا رہی ہے کہ ہر وہ کام یہاں پہ پاکستان میں کیا جاتا ہے کہ جو دنیا بھر میں معزز قوموں میں اور ملکوں میں نہیں ہوتا اور بد قسمتی سے مذہب کا نام لیکر ایسے کام کئے جاتے ہیں۔ میں ان علماء کا مشکور ہوں کہ جن علماء نے ملکر فتویٰ دیا کہ یہ مجرمانہ حرکت ہے اور یہ آقائے نامدار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی تعلیم کے بالکل منافی ہے۔ اچھا ہوا کہ ہمارے علماء کرام نے بروقت یہ فتویٰ دیا اور اس حوالے سے ہم آصف بھٹی صاحب کو یہ بالکل۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر اقلیتی رکن، جناب آصف بھٹی صاحب واک آؤٹ ختم کر کے ایوان میں تشریف لائے)

(تالیاں)

جناب سپیکر: جب ایک معزز رکن آ جاتا ہے، آپ بھی ان کیساتھ یکجہتی اور خوشی کا اظہار کیا کریں۔

وزیر اطلاعات: اور بالکل آپ سپیکر صاحب! آپ کو یہ بھی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ محترمہ، ایسی ہی اپنی گپیں چھوڑ دیں بی بی، ستارہ بی بی! ذرا توجہ دیں۔

وزیر اطلاعات: بالکل آپ کو یہ بھی اندازہ ہوا ہو گا کہ آصف بھٹی صاحب بہت کم بولتے ہیں اور بڑے رک رک کے بولے، ایک درد تھا جو کہ وہ اس کے سینے میں تھا، جو اس حوالے سے وہ اظہار کر رہا تھا۔ ہم بھی یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ہمارے تمام علماء جس طریقے سے بروقت انہوں نے اقدام کیا، اب ہمیں بھی سوچنا چاہیئے اور ہم ساری دنیا کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں بشمول ہماری یہاں پر عیسائی برادری کے کہ ہم سب ایک ہیں، کوئی بھی ہم میں نفاق پیدا کرنا چاہے، وہ ہم میں نفاق پیدا نہیں کر سکتا، ہم ایک پاکستانی ہیں، ایک سوچ رکھنے والے لوگ ہیں، انسانیت پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں اور ہم اس پیغمبر کے پیروکار ہیں کہ آقائے نامدار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے زمانے میں جب کبھی بھی کوئی واقعہ پیش آتا، مسلمان اور کافر کے بیچ میں بھی تنازعہ ہوتا اور کافر حق پہ ہوتا تو کافر کے حق میں فیصلہ دیا جاتا، یعنی رسول اکرم ﷺ کی ذات اور تعلیمات اقلیت کو تحفظ دینے کی ضمانت تھی۔ ہم ان کے پیروکار ہیں، ہمیں کیا ہوا کہ آج اسی سرزمین پہ جو ہے اقلیت

کو آگ میں جلایا جارہا ہے اور اگر ایک غلطی کسی ایک فرد کے سر تھوپ بھی جائے تو ایک سو گھروں کو جلانا، یہ تو پرانے زمانے کی وہ دہشت کو تازہ کرتا ہے۔ وہ تو ایسا ہے کہ جس طریقے سے ظلم اور بربریت کی تاریخ میں جو داستانیں رقم کی گئی ہیں کہ پوری بستی اور گھروں کو جلایا جائے؟ لہذا ہم اس کی شدید مذمت بھی کرتے ہیں اور ساتھ یہ بھی کہتے ہیں پنجاب حکومت کو کہ انہوں نے بروقت اقدام اٹھانے کیلئے جو بھی اقدامات کئے ہیں، وہ کم پڑ گئے ہیں، یعنی ایک سو بندوں، ایک سو کے قریب گھر جلائے گئے اور پھر بھی شک ہو کہ کس نے جلائے ہیں؟ ایک بندہ نہیں، دو بندے نہیں، تین بندے نہیں، وہ درجنوں کی تعداد میں لوگ آئے اور انہوں نے اور پولیس کی موجودگی میں، تو ہم یہ کہتے ہیں کہ بالکل پنجاب کی حکومت بھی ہماری اپنی حکومت ہے، ہم پوائنٹس سکورنگ کے حوالے سے بات نہیں کرتے، ہمارے ہاں بھی پرسوں جو ایک واقعہ ہوا تو بریلوی مسجد میں خودکش دھماکہ کیا گیا اور ہمارے امام مسجد کو شہید کیا گیا اور وہاں پر نمازیوں کو شہید کیا گیا۔۔۔۔۔

(مغرب کی اذان)

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب، ہم پنجاب حکومت کو اس حوالے سے کہ اگر ہم سے بھی کچھ ہو سکے تو ہم ان کا ہاتھ بٹھائیں گے، ہم بھی اس مشکل سے گزرے ہیں کہ ہم پہ بھی ہزاروں الزامات لگے لیکن خدا گواہ ہے کہ یہاں پہ پاکستان میں جو کچھ ہو رہا ہے، اس کے پس پشت بہت سارے مفادات وابستہ ہیں، ایسا نہیں کہ صرف اقلیت کو تنگ کیا جارہا ہے، یہاں پہ جس جس طریقے سے یعنی امام بارگاہوں کو اڑایا گیا، مسجدوں کو اڑایا گیا، تعلیمی اداروں کو اڑایا گیا یعنی کہ آپ تصور نہیں کر سکتے کہ کوئی بھی ہمارے معاشرے میں ایسا ایک طبقہ نہیں جو کہ ان کے ٹارگٹ پہ نہ ہو۔ ہماری فوج کو انہوں نے جو ہے ٹارگٹ بنایا، پولیس کو ٹارگٹ بنایا، سکول کے بچوں کو ٹارگٹ بنایا، لہذا میں آصف بھٹی صاحب کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ یہ اس بنیاد پہ نہیں ہوا کہ یہ پاکستان میں اکثریت مسلمانوں کی ہے تو اسلئے عیسایوں کے گھر جلائے گئے ہیں بلکہ اس کے پشت پر دہشت گردوں کا ایجنڈا ہے اور وہ ہم میں نفرت پیدا کرنا چاہتے ہے۔ لہذا اس حوالے سے ہم پنجاب حکومت کے بھی ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہیں، ہم اس موقع پر ایسا الزام لگانا نہیں چاہتے کہ جمہوری حکومتیں بدنام ہوں اور دہشت گردوں کا جو ہے وہ بول بالا ہو۔ لہذا اس بنیاد پہ ہم اس نکتے کو مدنظر رکھیں گے کہ پاکستان میں بسنے والی قوم ساری دنیا کو یہ پیغام دینا چاہتی ہے کہ ہم امن سے پیار کرتے ہیں، ہم انسانیت سے پیار کرتے ہیں۔ ہندو، مسلم، سکھ اور عیسائی سب کو میرا سلام، ہم ایسے نہیں ہیں کہ ہم صرف

اپنی جان کی بات کرتے ہیں اور جب آقائے نامدار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے پیروکار کی حیثیت سے بات ہو تو ہم اقلیتوں کے حقوق کیلئے اپنی جان نچھاور کریں گے، اپنے دامن پر داغ نہیں لگنے دینگے، نہ ان دہشگردوں کے گھناؤنے عزائم کو پورا کرنا جو کہ وہ یہاں پہ کھیل رچانا چاہتے ہیں، پاکستان کی سالمیت کیلئے، اقلیت کو خوش رکھنے کیلئے اور انسانیت کا بول بالا کرنے کیلئے ہم ایک ہیں، ہم ایک رہیں گے اور ان شاء اللہ تعالیٰ دنیا دیکھے گی کہ ہمارے دشمن ناکام ہونگے اور ان شاء اللہ ہمیں کامیابی ملے گی۔ بڑی مہربانی، شکریہ۔

جناب سپیکر: شکریہ، شکریہ جی۔ یہ جو ریزولیوشن پیش کی گئی ہے تو اس کو میں کل تک کیلئے پینڈنگ کرتا ہوں، کل آپ اس کو، ساری بیبیاں Present کریں۔ The Sitting is adjourned till 04:00 pm of tomorrow afternoon, thank you.

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ 12 مارچ 2013ء سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)